بسم اللہ الرحمن الرحیم

[illegible]
کس نور سے تابندہ ہے پیشانی آدم

الحاج سید محمد اقبال احمد شاہ بخاری

الحاج سید خورشید احمد شاہ بخاری

روشن چراغ خورشید ملت حافظ سید محمد ثقلین شاہ بخاری سجادہ نشین پیر جگی شریف

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

خزینۂ نور

از قلم

مبلغ اسلام الحاج السید پیر محمد خورشید احمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
سابق سجادہ نشین دربار عالیہ پیر جگی شریف
و نائب صدر جماعت اہلسنت صوبہ پنجاب و ممبر قومی اسمبلی

اجازت اشاعت مکرر: نور ونگاہ خورشید ملت صاحبزادہ اقبال ملت
جناب پیر سید جعفر مزمل شاہ بخاری (ایڈووکیٹ)
بفرمائش محمد بشیر خورشیدی بک اسٹال دربار پیر جگی شریف

سعادت اہتمام: امینیہ خورشیدیہ سلطانیہ بزم درود کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انتساب

میں اس رسالہ کو قطب الاقطاب حضرت الحاج سیدی و مرشدی

حضور قبلہ

محمد غلام اکبر شاہ

صاحب چشتی فریدی نوری رحمۃ اللہ علیہ

کے

نامِ نامی اسم گرامی سے منسوب کرتا ہوں

جن کی روحانی امداد سے اس ناچیز کو زیر نظر کتابچہ کے
ترتیب و تالیف کی توفیق نصیب ہوئی

گر قبول افتد زہے عز و شرف!!!

سید محمد خورشید احمد بخاری

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دربار عالیہ حضرت پیر جگی شریف

کے مریدین کیلئے وظائف

سلسلہ عالیہ چشتیہ، نظامیہ، فریدیہ ، اکبریہ کا

ابتدائی یک سالہ تربیتی کورس

نمبر:1۔وظیفہ نوری:

کلمہ طیّبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہ (11بار)

دُرود شریف

اَللّٰھُم صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا وَ مَوْلاَ نَا مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَا رِکْ وَسَلِّمْ (11بار)

استغفار

اَستَغفِرُا للّٰہَ تعالیٰ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَا تُوبُ اِلَیْہِ (11بار)

یَا کَرِیْمُ (100بار) مرشد کے تصور کے ساتھ)

وظیفہ نوری روزانہ صبح کی نماز کے بعد پڑھنا ہے (ہر مرید خاص وعام کے لئے پڑھنا لازم ہے)۔

تلاوتِ قرآن پاک

نمبر2:

صبح کی نماز کے بعد سورۃ یٰسین۔پ۲۲اور سورۃ یوسف۔پ۱۲

بعد از نماز عشا سورۃ الملک اور ایک پارہ روزانہ منزل قرآنِ پاک اور جمعہ کے دن سورۃ کہف

(ہر مرید اکبریہ کے لئے لازم ہے)

نمبر3 بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

(786بار نماز فجر کے بعد پڑھیں)

اجازت عام

نمبر4 نفی اثبات

کلمہ طیبہ

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ	اِلَّا اللّٰہُ	لَآ اِلٰہَ
رسالت	اثبات	نفی

ترکیب: عشا کی نماز کے بعد مسجد یا گھر میں خلوت اور یکسوئی کے ساتھ

لَآ اِلٰہَ کی آواز دائیں طرف روح سے۔ اور

اِلَّا اللّٰہُ کی آواز بائیں طرف دل سے نکلے اور آخر میں

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ پڑھیں۔

آنکھیں بند کر کے مرشد کی کچہری (مجلس) میں بیٹھے ہوئے تصور کریں۔

(تمام مریدین اکبریہ کو اجازت ہے)

ذکر قلبی

نمبر:5۔ ذکر قلبی اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ دل (قلب) کا ذکر ہے۔

الفاظ مبارک اِلَّا اللهُ

عشاء کے بعد ایک تسبیح یعنی ۱۰۰ بار دل سے اِلَّا اللّٰہ لطیفہ قلب پڑھتے وقت تصور کرے کہ دل میں نوری بلب جگ رہا ہے۔ذکر قلبی شروع کرنے سے پہلے سجادہ نشین دربار عالیہ پیر جگی شریف سے اجازت لینا ضروری ہے۔

نمبر6 اسم ذات

الفاظ مبارک ذکر خفی

اَللهُ هُو

اللہ تعالیٰ کا ذاتی اور صفاتی اسم گرامی ہے۔ (نماز عشا کے بعد پڑھے)

ترکیب: کم از کم ابتدا میں ایک تسبیح یعنی ۱۰۰ بار اللهُ کی آواز دل سے یعنی بائیں طرف اور هُو کی آواز روح سے دائیں طرف نکلے مرشد کا تصور ضروری ہے۔

پھر دس ۱۰ تسبیحیں یعنی ۱۰۰۰ بار پڑھیں

نمبر7 يَاحَيُّ، يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

اھمیت: اللہ تعالیٰ کا ابدی، ذاتی اور صفاتی اسم گرامی ہے۔

یہ الفاظ مُبارک غلاف کعبہ پر تحریر ہیں۔

بعض طالبان حق کا ارشادِ مقدس ہے کہ یہ اسم اعظم ہے۔

ترکیب: عشاء کے بعد ایک تسبیح یعنی ۱۰۰ بار پڑھیں۔

برکت: اولاد نرینہ کے لئے اور گردش دور کرنے کے لئے بھی مجرب ترین وظیفہ ہے۔

نمبر8 یَااَللّٰہُ. یَا سَتَّارُ . یَا غَفَّارُ.

حضرت کاشفِ اسرارِ معرفت مخزنِ طریقت واقفِ رموز حقیقت السید محمد نور شاہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ فریدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے ملفوظ مبارک: بیاض نمبر۲۱ میں رقمطراز ہیں:

"کہ میرے ہر عقیدت مند کے لئے لازم ہے کہ وہ 360 بار روزانہ صبح کی نماز کے بعد پڑھے"۔

اَللّٰہُ : یہ اللہ تعالیٰ کے ذاتی اسماء میں سے اور موخر الذکر صفاتی اسما الحسنیٰ ہیں۔

نمبر9 اِلٰھِیْ اَحَدِیْ ، صَمَدِیْ، مِنْ عِنْدِکَ مَدَدِیْ

ترکیب: فجر کی نماز سے قبل ایک تسبیح پڑھے یعنی 100 بار

فوائد:
- ☆ بزرگانِ چشتیہ نے اسے حل المشکلات فرمایا ہے۔
- ☆ شیخ کامل کی اجازت سے پڑھنے سے زود اثر اور اکسیر ہے۔
- ☆ نہایت ہی مبارک اور مجرب وظیفہ ہے۔

نمبر:10 آیت کریمہ

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ.

(سورہ انبیاء آیت:۸۷)

قرآن پاک کی آیت مبارکہ ہے۔ حل المشکلات ہے۔ جلال سے معمور ہے۔ بعض مشائخین عظام نے اس کو اسم اعظم فرمایا ہے۔

ترکیب: چشتیہ نظامیہ اکبریہ کے نزدیک ایک ہی مُصلّٰی یا جائے نماز پر عشا کے فرض، سنت اور نفل کے بعد اور وتر سے پہلے 300 بار اول و آخر اکتالیس ۴۱ بار درود شریف پڑھنا چاہیے۔ ترک حیوانات جلال لازم ہے۔ یعنی پیاز، لہسن، مولی وغیرہ کا استعمال نہ کرے کوئی بدبودار چیز منہ میں نہ ہو۔

وجہ تسمیہ

"پیر جگی شریف"

- پیر جگی: یعنی جگ کا پیر
- ہر چاند کے پہلے اتوار ہزاروں کی تعداد میں زائرین تعویزات لینے آتے ہیں۔ خارش، داد چنبل، بخار سایہ وغیرہ کے علاوہ اولاد نرینہ کے لئے بھی یہ دربار بہت مشہور ہے۔

جو سائل تین جمعرات اتوار مسلسل سلام کرے تو خداوند کریم یقیناً اس کی قلبی تمنا پوری فرما دیتے ہیں اور شفا کاملہ عاجلہ عطا فرماتے ہیں۔

خداوند قدوس بحق محمد رسول اللہ ﷺ اس آستانے مبارک کو سلامت تا قیامت رکھے تا کہ سائلین فیوض و برکات سے مستفیض ہوتے رہیں کیونکہ یہ بیماروں، غریبوں کے لئے نشتر ہسپتال ہے۔

تاریخ پیر جگی شریف

حضرت سید پیر محمد جعفر شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اوچ شریف سے ۱۱۹۲ء میں اپنے والد گرامی حضرت سید فتح دریا رحمۃ اللہ علیہ (جن کا مقبرہ اوچ شریف میں الحاج الحرمین حضرت سید محمد غلام اکبر شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے بنوایا) کے حکم کے مطابق ہجرت فرما کر شاہ جیونہ (جھنگ) میں مختصر قیام کے بعد تحصیل و ضلع لیہ کے ریگستانی علاقہ میں تبلیغ اسلام کے لئے تشریف لائے جہاں ایک ہندو مہاراجہ نے اپنی عیاشی اور بدکاری کا بازار گرم کر رکھا تھا۔ حضرت صاحب موصوف نے دعوت اسلام دی۔ اس نے انکار کر دیا۔ آپ کی نورانی تبلیغ سے متاثر ہو کر "جگی" نامی عورت نے اسلام قبول کر لیا۔ ظالم ہندو مہاراجہ نے ظلم و ستم شروع کر دیئے مگر اس کامل ایمان خاتون نے اسلام کا دامن نہ چھوڑا با آلاخر باطل نے حق سے یعنی ہندو مہاراجہ نے حضرت السید مخدوم پیر محمد جعفر شاہ صاحب رحمۃ اللہ سے لڑنے، جنگ کرنے کا پروگرام بنایا۔

بس اب سمجھو گھن لگ گیا قصر حکومت کو
کہ شاہی نے فقیری سے جھڑپ لینے کی کوشش کی
(اقبال)

الحمدُ للہ! روزاول سے حق کو باطل پر نصرت حاصل رہی۔

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقاً۔

(پ۱۵ بنی اسرائیل، آیت:۸۱)

سبحان اللہ! حق آیا اور باطل فرار ہوا بے شک باطل راہِ فرار اختیار کرتا ہے۔

حضرت صاحب نے پڑھا۔

اَلحمدُ لِلّٰهِ الَّذی نَجّٰنا مِنَ القَومِ الظّٰالِمِینَ۔

الختصر جگی نامی خاتون نے حضرت صاحب سے مکمل پناہ مانگی۔ زمین پھٹ گئی حضرت صاحب نے فرمایا کہ قیامت تک پیر کے ساتھ جگی کا نام رہے گا کیونکہ تو نے دین مصطفٰے ﷺ کا ساتھ نہیں چھوڑا۔

اب آیئے ذرا ظالم اور ظلم کے کردار پر سرسری نظر ڈالئے۔

جب ہندو مہاراجہ نے حضرت صاحب پر حملہ کرنا چاہا تو خالق اکبر نے ابرہہ بادشاہ کی طرح جو کہ کعبۃ اللہ شریف پر حملہ کرنے آیا تھا اسے بھی جہنم سپرد کر دیا۔

الحمدللہ حق اور حق والوں کا نام خورشید کی طرح چمکتا رہے گا آپ بھی حق پرست لوگوں کے دامن گیر ہو جائیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ

(سورۂ توبہ، آیت،۱۱۹)

اے جماعت مؤمنین، اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ مل جاؤ۔

شجرہ نسب مبارک

از رسالت ماب ﷺ تا

موجودہ سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت پیر جگی شریف

1 سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ 2 حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا بنت رسول اللہ ﷺ
3 حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ 4 حضرت امام زین العابدین رضی اللہ تعالی عنہ
5 حضرت امام محمد باقر رضی اللہ تعالی عنہ 6 حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالی عنہ
7 حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالی عنہ 8 حضرت امام علی رضا رضی اللہ تعالی عنہ
9 حضرت امام محمد تقی رضی اللہ تعالی عنہ 10 حضرت امام محمد نقی رضی اللہ تعالی عنہ
11 سید جعفر ثانی رحمۃ اللہ علیہ 12 سید علی اصغر رحمۃ اللہ علیہ 13 سید عبد اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ 14 سید احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ 15 سید محمود رحمۃ اللہ علیہ 16 سید محمد رحمۃ اللہ علیہ 17 سید جعفر رحمۃ اللہ علیہ 18 سید علی رحمۃ اللہ علیہ 19 سید شبیر جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ (اوچ شریف) 20 سید سلطان احمد کبیر رحمۃ اللہ علیہ 21 سید مخدوم جہانیاں جہاں گشت رحمۃ اللہ علیہ 22 سید فضل الدین رحمۃ اللہ علیہ 23 سید عبد القادر رحمۃ اللہ علیہ 24 سید محمود رحمۃ اللہ علیہ 25 سید فتح شاہ رحمۃ اللہ علیہ 26 سید وارث شاہ رحمۃ اللہ علیہ 27 سید جندوڈا شاہ رحمۃ اللہ علیہ 28 سید کبیر شاہ رحمۃ اللہ علیہ 29 سید اجمل شاہ رحمۃ اللہ علیہ 30 سید فیض اللہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ 31 سید کبیر شاہ رحمۃ اللہ علیہ 32 سید شریف شاہ رحمۃ اللہ علیہ 33 سید فیض اللہ رحمۃ اللہ علیہ 34 سید میر شاہ رحمۃ اللہ علیہ 35 سید حسین شاہ رحمۃ اللہ علیہ 36 سید اللہ ڈتہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ 37 سید چھٹہ شاہ رحمۃ اللہ علیہ 38 سید نور شاہ رحمۃ اللہ علیہ 39 سید فتح دریا خان رحمۃ اللہ علیہ 40 سید محمد رضا شاہ رحمۃ اللہ علیہ 41 سید محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ 42 سید جعفر شاہ رحمۃ اللہ علیہ (پیر جگی شریف) 43 سید چراغ شاہ رحمۃ اللہ علیہ 44 سید بڈھن شاہ رحمۃ اللہ علیہ 45 سید محبوب شاہ رحمۃ اللہ علیہ 46 سید نور شاہ رحمۃ اللہ علیہ 47 سید کریم حیدر شاہ رحمۃ اللہ علیہ 48 سید غلام اکبر شاہ رحمۃ اللہ علیہ 49 السید محمد خورشید احمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ 50 سید محمد اقبال شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ 51 حافظ سید محمد ثقلین شاہ بخاری مدظلہ العالی سجادہ نشین پیر جگی شریف سید جعفر مزمل شاہ بخاری مدظلہ العالی سید محمد حسنین شاہ بخاری
ڈاکٹر سید محمد نور اکبر شاہ بخاری حافظ سید محمد ذوالقرنین شاہ بخاری

ملا وہ مرشد کامل سے عشق مصطفیٰ ﷺ حاصل
خدا کا قرب دیتی ہے محبت آستانہ کی

خدایا سدا سایہ سلامت رکھنا میرے پیرزادوں کا
کہ ملتی جلتی صورت ہے میرے پیرومرشد کی

شجرۂ طریقت مع ضرورت واہمیت بعنوان

عُروۃُ الوُثقیٰ

(اکبری نوری نذرانہ عقیدت)

مہتمم و مدرس مدرسہ خورشید الاسلام کھرل عظیم لیہ

ازافادات: سابق طالب علم و مدرس جامعہ نورالعلوم اکبریہ پیرجگی شریف

ازترتیب: حافظ حاجی محمد ثقلین کھرل فدائی چشتی
معلم عظیم پبلک اسکول کھرل عظیم لیہ

ازاہتمام: محمد ذوالقرنین مزمل جعفری
صدر بزم اقبال پیر بخاری سجادہ کھرل عظیم نزد کوٹ سلطان تحصیل و ضلع لیہ

بفرمائش: حاجی محمد اسلم ہاشمی چشتی
کنوینیر بزم فدایان حرمت اولیاء کوٹ سلطان

انتساب

بندہ ناچیز، پرتقصیر اپنی اس حقیری کاوش کو اپنے پیارے استادمن بحرعلوم شریعت و طریقت ومعرفت، ابدالِ وقت صاحبِ کمال علامہ غلام یٰسین نوری رحمۃ اللہ کے نام نامی اسم گرامی سے منسوب کرتا ہے۔ جن کی شفقت خاص نے سائبانِ مرشد کریم میں ایک غریب، یتیم، اور محتاج طالب علم کو برق رفتاری سے صف طالب سے مسند مدرس پہ جابٹھایا اور وہیں آستانہ مرشد پہ ہی مصلیٰ امامت پر کھڑے ہونے کے قابل بنایا۔

میں کہاں تھا اس کرم کے قابل یہ حضور کی بندہ پروری ہے۔!!!

اور

اپنے ہم جماعت محسن ومربی الحاج پیر سید فدا حسین شاہ اکبری رحمۃ اللہ علیہ لجپال کے نام کرتا ہوں جو زمانہ طالب علمی سے لیکر اب تک میری لج رکھے ہوئے ہیں۔ حقیقت میں وہ سبھی کے غم ٹال ہیں اور باالیقین اکبری گلدستہ میں تو وہ بس اپنی مثال آپ ہیں۔ دعا گو ہوں فیضان کرم مرشد الحاج السید پیر حاجی غلام اکبر شاہ رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ جاری وساری رہے۔

گلستانِ اکبریہ میں سدا بہار رہے چمن خورشید واقبال شاد رہے آباد رہے۔

الٰہی تابود خورشید و ماہی چراغ چشتیہ را روشنائی

کھڑا ہوں جو پورے قد سے یہ تیرا ہے کرم
مجھ کو جھکنے نہیں دیتا ہے اک سہارا تیرا

حافظ منظور حسین کھرل اکبری

شجرہ خوانی کی ضرورت اور اہمیت

1۔ سورۃ ابراہیم میں اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا

كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ

مفہوم: ایک ایسا پاکیزہ پودا جس کی اصل یعنی جڑیں مضبوط اور شاخیں آسمانوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ (آیت:۲۴)

2۔ مزید سورۃ نجم میں سدرۃ المنتہیٰ کا ذکر خیر فرمایا گیا ہے۔

3۔ وَتَقَلُّبَكَ فِي السَّاجِدِينَ (پارہ ۱۹، سورۃ شعراء، آیت: ۲۱۹)

مفہوم: اے محبوب میں تجھے ایسے مردوں کی پشتوں اور عورتوں کے رحموں میں منتقل کرتا آیا ہوں جو مجھے ہی سجدہ کرنے والے تھے۔

4۔ رسول اللہ ﷺ کے اپنے روحانی اور ظاہری سلسلہ نسب پر افتخار فرمانے کے عمل سے بھی اس کو مزید تائید ملتی ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

لم ازل انتقل من اصلاب الطاهرين الى ارحام الطاهرات۔

مفہوم: میں ہمیشہ پاک مردوں کی پاک پشتوں اور پاک عورتوں کے پاک رحموں سے منتقل ہوتا ہوا تشریف لایا ہوں۔ (تفسیر کبیر، جلد:٦)۔

شجرہ خوانی کا عمل درحقیقت

1. مریدوں کے روزانہ کے روحانی معاملات میں بہتری
2. مریدوں کی روحانی کیفیات کی بالیدگی
3. مریدوں کے لئے منازل سلوک کی ترقی کا پہلا زینہ
4. مریدوں کے لئے بلاناغہ رابطہ مرشد کا ذریعہ
5. بعد ازاں رابطہ رسول ﷺ اور پھر رابطہ الٰہی کے ذریعہ کو بصورت مناجات قائم رکھنے کا ایک انتہائی مؤثر وسیلہ ہے۔

شجرہ خوانی کی رسم کئی صدیوں سے مجرب عمل کے طور پر ہر سلسلہ عالیہ میں اس انداز سے جاری وساری ہے کہ شجرہ خوانی کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضری اور یادالٰہی کی ایک کڑی سے دوسری کڑی شجرے میں شامل بزرگان سلسلہ کے وسیلہ سے ملتی چلی جاتی ہے۔اس لیے شجرہ خوانی کو سلسلہ خوانی بھی کہا جاتا ہے۔

سلسلہ عربی میں زنجیر کو کہتے ہیں جس کی ایک کڑی دوسری کڑی سے متصل اور واصل ہوتی ہے۔اس طرح ان تمام برگزیدہ ارواح کی آمین ہمارے شامل حال اور شامل دعا ہوتی چلی جاتی ہے۔

سورۃ المنافقون، آیت:۸۔ میں ارشاد فرمایا ہے۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ.

مفہوم: عزت اللہ کے لیے اور اس کے رسول اور سب ایمان والوں کے لیے ہے لیکن یہ منافق نہیں جانتے۔ متبرک مزارات مقامات کی زیارت سے جب قلب ونگاہ میں اثر پیدا ہو جاتا ہے تو ان کے مبارک ناموں سے کیوں نہ ہوگا۔اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے پیاروں کے مقدس ناموں کو بھی عزت سے نوازا ہے۔

مناجاتی شجرہ طریقت

سلسلہ عالیہ چشتیہ اکبریہ نوریہ پیر جگی شریف

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطاء کا ساتھ ہو
میرے آقا میرے ملجا مصطفیٰ ﷺ کا ساتھ ہو

جب پڑے مشکل تو آئے تیری رحمت تھامنے
سیدی مولا علیؓ شیر خدا کا ساتھ ہو

جن کے حصے میں تو نے عطا کی آغوش علی
خواجہ کل شاہ حسن بصری پیا کا ساتھ ہو

یا الٰہی از طفیل عبد واحد ابن زید
احدیت کے سبق میں اتقیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی از پائے خواجہ فضیل ابن عیاض
ہر مرض میں مجھ کو قرآنی شفا کا ساتھ ہو

یا الٰہی صدقہ سلطان ابراہیم ادہم — بھر دے جھولی میری پھر تیرے جود وسخا کا ساتھ ہو

ازلب خواجہ سدیدالدین حذیفہ مرعشی — جرأت قولا سدیداً بے خطا کا ساتھ ہو

ازا امانات امین الدین ہبیرہ اے خدا — خاص روحانی امانت اور ہبہ کا ساتھ ہو

از علوئے خواجہ ممشاد دینوری مجھے — طبقہ علیاد کھا اور مرحبا کا ساتھ ہو

یا الٰہی شیخ ابو اسحاق شامی کے طفیل — اجتہادی قلب اور ذہن رسا کا ساتھ ہو

یا الٰہی خواجہ ابدال چشتی کی نگاہ — جب پڑے مجھ پر تو ردِّ ما سوا کا ساتھ ہو

ناصح الدین بو محمد کی نصیحت ہو عطا — ہر قدم پر سرچشمہ رشد وھدیٰ کا ساتھ ہو

نُصرتِ شاہ ناصر الدین ابو یوسف ملے — دین کی نصرت میں جذبِ بے ریا کا ساتھ ہو

خاکپائے خواجہ حق مودود چشتی بنوں — ہر مودت ہر حقیقت ہر حیاء کا ساتھ ہو

سایہ حاجی شریف زندنی چشتی رہے — حج کا حاصل ہو شرف اور اس مقتدیٰ کا ساتھ ہو

خواجہ عثمان ہارونی کے زیرِ سلسلہ — طالبِ صادق بنوں، صبر و وفا کا ساتھ ہو

اے خدا خواجہ معین الدین چشتی کے طفیل — عالم غربت میں چشتی اولیاء کا ساتھ ہو

حضرت خواجہ قطب کاکی شہید حبّ رب — بعد رحلت پیکرِ عشق و فناء کا ساتھ ہو

جدّ نا بابا فریدالدین لقب گنج شکر — حق فریدا کی سدا شیریں صدا کا ساتھ ہو

میرے محبوب الٰہی سیدی سلطان جی — حشر میں بابا نظام الدین اولیاء کا ساتھ ہو

شاہ نصیر الدین چراغ دہلوی کے فیض سے — پیش ہر ظلمت چراغ چشتیہ کا ساتھ ہو

خواجہ علامہ کمال الدین نظامی دہلوی — بحر علم و معرفت کے ناخدا کا ساتھ ہو

شاہ سراج الدین کی ضیائے قلب سے — دل منور ہو اور سراج الاصفیاء کا ساتھ ہو

خواجہ علم الدین نظامی کے علوم خاص سے — کچھ تبرک چاہیے ابرِ سخا کا ساتھ ہو

حضرت خواجہ محمود راجن کی رعایا میں رہوں — آخرت میں تا کہ محمود الثناء کا ساتھ ہو

یا الٰہی شاہ جمال الدین جمن کے طفیل — عیدِ دیدار جمالِ کبریا کا ساتھ ہو

صدقہ حسن محمد شاہ حسن سے حب ملے — خواب میں روزانہ حسن مجتبیٰ کا ساتھ ہو

بس قدم بوس شیخ محمد احمد آبادی رہوں — عمر بھر تا کہ نبی ﷺ کے نقش پا کا ساتھ ہو

عروۃ الوثقیٰ (اکبری نوری نذرانہ عقیدت)

جاں نثار خواجہ قطب المدینہ یحییٰ مدنی ہوسکوں
رسمِ احیائے علومِ انبیاء کا ساتھ ہو

ربِّ موسیٰ از پائے خواجہ کلیم اللہ جہاں آبادی
پیش فرعون کرامات و عصا کا ساتھ ہو

کر گیا رنگین نظام الدین اورنگی کا رنگ
صبغۃ اللہ کی جھلک اور نور خدا کا ساتھ ہو

خواجہ و مولانا فخر الدین چشتی دہلوی
نسبت فخری سے فخر الاولیا کا ساتھ ہو

حضرت خواجہ نور محمد مہاروی کھرل کے طفیل
آں لبِ نور محمد کی ہر دعا میر صوفیا کا ساتھ ہو

جناب خواجہ قاضی عاقل محمد
شمع راہ ہدایت پیر ھدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی میرے عصیاں مجھ کو شرماتے ہیں اب
حضرت خواجہ خدا بخش الفت رسا کا ساتھ ہو

غنچہ دل کو کھلا میرے الٰہ العالمین
حضرت خواجہ فخر الدین پر ضیاء کا ساتھ ہو

ہو دعا قبول میری صدقہ قبلہ دین کعبہ ایمان
خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن کے دولہا پیا کا ساتھ ہو

حضرت پیر جگی سید نور شاہ کے طفیل اے ربنا
نسبت سادات کی شرم و حیاء کا ساتھ ہو

گلستانِ پیر سید حاجی غلام اکبر شاہ بخاری نظامی میں رہوں
باغ جنت کے گل و خوشبو معطر و معنبر فضا کا ساتھ ہو

بیعتِ سیدِ نا خورشید ملت مبلغ اسلام میں
ہر جگہ پیر طریقت اور سید اقبال شاہ راہنما کا ساتھ ہو

از پئے حافظ سید محمد ثقلین بخاری سجادہ نشین
حفظِ قرآن کی سعادت اور نُور الھدیٰ کا ساتھ ہو

نور کا تیرے ظہور ہو دل میں میرے اے خدا
حضرت شاہ جعفر مزمل سید بے بہاء کا ساتھ ہو

حسن و خوبی سے خدایا میرے دل کو کر حسن
صورت خورشید سید حسنین شاہ کی پُر شفقت دعا کا ساتھ ہو

دور رکھ مجھ کو ریاء و کینہ کے امراض سے
سیدِ بے ریا ڈاکٹر نور اکبر شاہ کی حسنِ ادا کا ساتھ ہو

زیب و زینت سجادہ حافظ سید محمد ذوالقرنین
ہر دعا میں جن کی آمین ربنا کا ساتھ ہو

پردہ پوشی میرے عیبوں کی سدا ہوتی رہے
سر پر میرے پیارے سید شان و شوکت بخاری کا ہاتھ ہو

یہ نظم حافظ منظور اکبری کی کردے منظور اے بادشاہ دو جہاں
میرے رہبر و ہم جماعت سید فدا حسین شاہ قطب الاولیاء کا ساتھ ہو

منزلیں طے کر کے پہنچوں منزل مقصود تک
دم بدم میرے سید مجاہد حسین شاہ محبوب اولیاء کا ساتھ ہو

یہ نیا تحفہ بھائی جان ثقلین کھرل کا منظور و مقبول ہو
خورشیدی اکبری نظامی اولیاء و اصفیاء اتقیاء کا ساتھ ہو

شجرہ طریقت بہارِ چشت

〈گلستانِ اکبریہ چمنِ خورشید و اقبال〉

جن پیر بھائیوں / بہنوں کو منظوم شجرہ پڑھنے کی مہلت نہ ہو وہ ایک بار سورۃ الاخلاص و فاتحہ اوّل و آخر درود شریف کے بعد یہ شجرہ روزانہ صبح پڑھیں۔ یاد رہے پاکیزہ قلب وصدق و اخلاص رکھنے والے سالک کے لیے شجرہ شریف کی زیارت بھی اللہ اور اس کے رسول مقبول ﷺ کی محبت میں اضافہ کا سبب بنتی ہے۔

الٰہی بروح پاک سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ
الٰہی بروح پاک سیدنا مولا علی ابن ابی طالب
الٰہی بروح پاک حضرت امام حسن بصری
الٰہی بروح پاک خواجہ عبد الواحد ابن زید
الٰہی بروح پاک حضرت فضیل ابن عیاض
الٰہی بروح پاک سلطان ابراہیم ادہم بلخی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ حدیفہ المرعشی
الٰہی بروح پاک حضرت امین الدین بصیرہ
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ ممشاد دینوری
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ ابو اسحاق شامی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ ابو احمد ابدال
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ ابو محمد چشتی
چشتیالٰہی بروح پاک حضرت خواجہ ابو یوسف چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ مودود چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت حاجی شریف زندنی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ عثمان ہارونی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ قطب کاکی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر چشتی
الٰہی بروح پاک محبوب الٰہی حضرت خواجہ نظام الدین چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت علامہ کمال الدین چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت علم الدین چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت شیخ محمود راجن چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت جمال الدین جمن چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت شیخ حسن محمد چشتی
الٰہی بروح پاک قطب مدینہ حضرت یحییٰ مدنی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت شیخ کلیم اللہ جہان آبادی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت شاہ نظام الدین اورنگی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت شاہ فخر الدین محمد دہلوی چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ نور محمد مہاروی کمرل چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ خدا بخش چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ فخر الدین چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن چشتی
الٰہی بروح پاک حضرت پیر جگی سید نور شاہ بخاری چشتی

الٰہی بروح پاک حضرت سید غلام اکبر شاہ بخاری چشتی

الٰہی بروح پاک حضرت سید خورشید احمد شاہ بخاری چشتی

الٰہی بروح پاک حضرت سید اقبال احمد شاہ بخاری چشتی

الٰہی بروح پاک حضرت سید فدا حسین شاہ بخاری چشتی

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین

الٰہی بہ طفیل ناز و نعمتِ اقبال سجادہ نشین حضرت حافظ سید محمد ثقلین شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل نور و نگاہِ خورشید حضرت سید محمد جعفر مزمل شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل کشف و کلامِ اقبال و شوکت خورشید سید محمد شان شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل سیرت و صورت خورشید سید محمد حسنین شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل ادائے خورشید ڈاکٹر سید نور اکبر شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل خوشبوئے خورشید حافظ سید محمد ذوالقرنین شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل ضیائے خورشید سید حافظ مجاہد حسین شاہ بخاری چشتی

الٰہی بہ طفیل جانِ جعفر میرِ کارواں خورشید شہزادہ سید محمد عبداللہ خورشید بخاری

الٰہی بہ طفیل جان اقبال شہزادہ سید محمد ارسلان خورشید بخاری

الٰہی بہ طفیل شانِ خورشید شہزادہ سید شاہ سلیمان خورشید بخاری

الٰہی بہ طفیل فخر اقبال شہزادہ سید احمد اقبال شاہ بخاری

الٰہی بہ طفیل ترجمان خورشید، فدائے اسلام، شہزادہ سید محدث خورشید شاہ بخاری

الٰہی بہ طفیل کرم ثقلین شہزادہ سید کرم حیدر شاہ بخاری

الٰہی بہ طفیل حیائے خورشید وارث علوم اکبریہ شہزادہ سید ضیاء الرحمان شاہ بخاری

ہر مشکل میں تائید غیبی شامل حال فرما

نیز عشق و تقویٰ، خدمت و عمل عطا فرما

(آمین)

منظوم خراجِ عقیدت

بحضور پیرانِ عظام الحاج السید پیر خورشید احمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ، الحاج السید پیر اقبال احمد شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ الحاج السید پیر فدا حسین شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ

اے مہ جبینِ اکبر تمھاری فرقت نے مارا اب تو دل ہوا جاتا ہے پارہ پارہ

تمھاری قدر و منزلت تھی ہر ایک کے دل میں
تمھاری عظمت و مودت تھی ہر ایک کے دل میں

آپ نے کیا ہم سے کیوں کنارہ اب تو دل ہوا جاتا ہے پارہ پارہ

آپ نے کئی اجڑے گھر بسائے
آپ نے ہزاروں روتے دل ہنسائے

بنا تمھارے کیسے ہو ان کا گزارہ اب تو دل ہوا جاتا ہے پارہ پارہ

آپ کے سب فدائی کیا کریں گے
آپ کی فرقت میں جل جل مریں گے

آپ کا یوں جانا تھا بھلا کس کو گوارا اب تو دل ہوا جاتا ہے پارہ پارہ

یہ سب خورشیدی خستہ رو رو پکاریں
پھر آئیں گی کب پلٹ کر اقبالی بہاریں

اب آ بھی جاؤ سائیں دلبرانِ اکبر بھلا ہو تمھارا اب تو دل ہوا جاتا ہے پارہ پارہ

منجانب: خادم سادات حاجی محمد حسنین مدنی کھرل و سر حاجی غلام اکبر فدائی کھرل

سُچے موتیوں جیسے بول

* کعبہ شریف پر غلاف اس لئے ہے تاکہ پتہ چلے یہ کوئی عام گھر نہیں بلکہ بیت اللہ ہے۔
* قرآن مجید پر غلاف اس لئے ہے تاکہ پتہ چلے کہ یہ کوئی عام کتاب نہیں بلکہ کتاب اللہ ہے۔
* مرقد مومن پر غلاف اس لئے ہے تاکہ پتہ چلے کہ یہ کوئی عام قبر نہیں بلکہ مزارِ ولی اللہ ہے۔
* اسی طرح مسلمان مرد اپنی نظروں کو جھکا کر چلیں تاکہ پتہ چلے کہ یہ کوئی عام شخص نہیں بلکہ محمد ﷺ کا امتی جا رہا ہے۔
* اسی طرح مسلمان عورت کو پردہ کا حکم ہے تاکہ پتہ چلے کہ یہ کوئی عام عورت نہیں بلکہ مسلمان عورت ہے۔

شریعت درِ محفل مصطفیٰ ﷺ
طریقت عُروجِ دل مصطفیٰ ﷺ
شریعت میں عزت عبادت سے ہے
محبت کی لذت طریقت میں ہے
شریعت میں ہے صورتِ فتح بدر
طریقت میں ہے معنی شقِ صدر
شریعت میں ہے قیل و قالِ حبیب ﷺ
طریقت میں ہے حسن و جمال حبیب ﷺ
نبوت کے اندر ہیں یہ دونوں ہی رنگ
عبث ہے یہ مُلا اور صوفی کی جنگ

پیش کش : غلام عباس خورشیدی نظامی

کنوینر: امینیہ خورشیدیہ سلطانیہ بزم درود کراچی

استغاثہ بحضور غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امداد کُن امداد کُن

از رنج و غم آزاد کُن

دَرِدین و دنیا شاد کُن

یاغوثِ اعظم دستگیر

سر بکف و سر بلند

چشتیہ قادریہ سہروردیہ اور نقشبند

یا الٰہی خیر گردانی

بحق حضرت شیخ جیلانیؒ

دعاگو/دعاجو

جملہ اراکینِ کمیٹی جامع مسجد بخاری کھرل عظیم

پیر سید غلام اکبر شاہ بخاری صاحب

پیر سید فدا حسین شاہ بخاری اکبری صاحب

پیر سید حسنین احمد شاہ صاحب

سید ذوالقرنین احمد شاہ صاحب

بانگ جگی
دستک خورشیدی
صدائے نورانی
و فرمان اقبالی

لوگو! یہ صدی غلبہ اسلام کی صدی ہے۔ غلامانِ مصطفیٰ کریم ﷺ کثرت درود اور میلاد مصطفیٰ کے نور سے انقلاب لائیں گے۔ برادران طریقت جان لیں کہ درود شریف سے بڑھ کر کوئی اپیل نہیں اور پیارے مصطفیٰ ﷺ سے بڑھ کر کوئی وکیل نہیں۔

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسم شبیری!!!

نور ھدایت

اب جس کے جی میں آئے وہی پائے روشنی ہم نے چراغ جلا کر سر عام رکھ دیا ہے!!

1۔ تمام مریدین اہل محبت وعقیدت نماز پنجگانہ کی پابندی کریں۔
2۔ رمضان شریف کے فرض روزوں کے علاوہ اگر ممکن ہو تو میلاد کی خوشی اور شکر میں ہر پیر کے دن روزہ رکھیں نہیں تو کم از کم اچھے کپڑے پہنیں، گھر میں بچوں کے لئے اچھا کھانا بنائیں۔
3۔ ہر شب جمعہ کو تمام اہل خانہ اکٹھے بیٹھ کر 313 بار درود شریف پڑھنے کا معمول بنائیں۔ پیارے وطن پاکستان اور بلاد اسلامیہ کیلئے خصوصی دعا فرمائیں۔
4۔ اپنے مرشد کا تصور ہر وقت قائم رکھیں، اپنے اپنے علاقہ جات میں بزم خورشید اور بزم اقبال کے نام سے خدمت کمیٹیاں بنائیں۔ بزم درود سجائیں۔ فقہ عصر مفتی محمد امین صاحب کی تصنیف لطیف آب کوثر کا مطالعہ فرمائیں۔ ذکر وفکر، درود وظیفہ کے ساتھ ساتھ ملک وملت کی تعمیر، اتحاد اور انسانیت کے تحفظ کے لئے کام کریں۔
5۔ بزمِ خورشید واقبال کے ذمہ داران دربار شریف پر ماہانہ ختم شریف کا سلسلہ میں اپنا پڑھا ہوا کلام پاک اور درود شریف کی تعداد موبائل فون پر SMS کریں۔ **0302-7289221**

عطیہ اشتہار: محمد ذوالقرنین مزمل جعفری، صدر بزم اقبال پیر بخاری مسجد اڈہ کھرل عظیم نزد کوٹ سلطان تحصیل وضلع لیہ